# نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب


21۔ڈیوس روڈ لاہور

**Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com**

**www.facebook.com/AgriDepartment**


## پریس ریلیز

**محکمہ زراعت پنجاب کی ملتان جعلی اور غیر رجسٹرڈ زرعی ادویات بنانے والوں کے خلاف کارروائی**

**1 کروڑ 48 لاکھ سے زائد مالیت کی جعلی زرعی ادویات برآمد، 7 افراد موقع پر گرفتار**

لاہور: **13 اگست 2026**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر جعلی اور غیر رجسٹرڈ زرعی ادویات کے مکروہ دھندے میں ملوث عناصر کے خلاف محکمہ زراعت پنجاب زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت کارروائیاں کر رہا ہے۔اس ضمن میں محکمہ زراعت پنجاب کی ٹیم نے ملتان انڈسٹریل اسٹیٹ کے قریب چائنہ چوک کے مقام پر ایک غیر قانونی فیکٹری پر پولیس پارٹی کے ہمراہ چھاپہ مارا۔اس کارروائی کے دوران مختلف رجسٹرڈ پیسٹی سائیڈ فرموں کے نام سے غیر قانونی طور پر گرینولر زرعی ادویات کی مینوفیکچرنگ، فارمولیشن اور پیکنگ کا انکشاف ہوا۔ٹیم نے موقع سے مجموعی طور پر 43,750 کلوگرام جعلی وغیر قانونی زرعی ادویات قبضے میں لے لیں، جن کی مالیت 1 کروڑ 48 لاکھ روپیے زائد ہے۔کارروائی کے دوران 7 ملزمان کو موقع پر گرفتار کیا گیا جبکہ زرعی ادویات کے 6 نمونے حاصل کر کے تجزیے کے لیے متعلقہ لیبارٹری بھجوا دیے گئے ہیں۔علاوہ ازیں، مزید قانونی کارروائی کے لیے تھانہ مظفرآباد میں استغاثہ دائر کر دیا گیا ہے جبکہ برآمد شدہ زرعی ادویات بطور مال مقدمہ پولیس حوالے کر دی ہیں۔

☆☆☆☆